سوال

(08) روزہ کی حالت میں مباشرت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص ماہ رمضان میں اپنی بیوی سے مباشرت کرتا ہے، اگرچہ دخول تک نوبت نہیں پہنچتی۔ لیکن اُسی حالت میں ہی اُس کی منی خارج ہو جاتی ہے، کیا اُس سے روزہ میں کوئی نقصا واقع ہو جاتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اپنی بیوی سے ماہ رمضان میں مباشرت کرنے سے انزال ہو جائے تو کفارہ پڑ جاتا ہے، خواہ دخول تک نوبت نہ پہنچے۔ کیونکہ خواہش پوری ہوگی۔ کفارہ پے در پے دو ماہ کے روزے ہیں۔ اگر اس کی طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دے۔ (۲۶ شوال ۱۳۵۶ھ۔ فتاویٰ اہل حدیث، جلد ۳، صفحہ نمبر ۵۵۸) (عبد اللہ امرتسری روپڑی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 94

محدث فتویٰ